لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۳ — مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۹ صفر ۱۳۴۶ھ مطابق ۸ اگست ۱۹۲۷ء — جلد ۳۹

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۷ جولائی ۱۹۲۷ء

بموجب رپورٹ ماسٹر اسرار حسین کا عارضی تقرر بہ تنخواہ چہتر روپیہ ماہوار ۲۵ جولائی ۱۹۲۷ء سے منظور ہے۔ کاغذ بغرض اجراء احکام واپس ہو۔ کیپٹن [illegible]

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعرض

جناب عالی

ماسٹر اسرار حسین بی۔ ایس۔ سی۔ ہائی اسکول میں غیر مستقل ملازم تھے تاریخ ملازمت

میر ساعد

خلاصہ مضمون — نمبر صفحہ

تقرر عارضی ماسٹر اسرار حسین صاحب — ۱
اضافہ تنخواہ [illegible] خان — ۲
[illegible] کانسٹبل پولیس
منظوری قاضی [illegible] عہدہ [illegible]
انتظام [illegible] صاحب سکریٹری [illegible] تقررات [illegible]
رخصت [illegible] سررشتہ بندوبست
[illegible]
[illegible] سرسری بلاسپور
منشی [illegible] خان [illegible]
[illegible] سوار
[illegible] تحصیل
[illegible]
رخصت [illegible] ماسٹر ہائی اسکول
[illegible] معاون [illegible] سررشتہ [illegible]
[illegible] مطبع
تقرر [illegible] الدین [illegible] معاون [illegible] مطبع
[illegible] مرغخانہ [illegible]

غیر مستقل ۵ر جولائی ۱۹۲۶ء کو ختم ہوگئی۔ اب ۵ر جولائی ۱۹۲۶ء سے اُنسے کام لینا شروع کر دیا گیا ہے۔ لہذا گزارش ہے کہ ۵ر جولائی ۱۹۲۶ء سے ماسٹر اسرار حسین بی۔ اے۔ بی۔ ٹی کا عارضی تقرر تا حکم ثانی بمشاہرہ روپیہ ماہوار پر منظور فرمایا جائے

دولت و اقبال جاودید باد

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۳۰ر جولائی ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۳ر جولائی ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر بابت اضافہ منشی احمد اللہ خان صاحب اہلمد اپیل اجلاس ہمایون بوجہ کثرت کار از بچت رقم تنخواہ حافظ اہلمد اجلاس ہمایون۔

حکم

منصف علی سابق اہلمد اجلاس ہمایون کی تنخواہ سے قبل ازین اہلمدان دفتر اجلاس ہمایون کو چند ماہ کے لئے تقسیم ہو چکے ہیں کی بچت ہے۔ اسمین سے بسلسلہ حکم سابقہ منشی احمد اللہ اہلمد اپیل اجلاس ہمایون کی تنخواہ مین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۷ر جولائی ۱۹۲۶ء

جارنقی حسابات صیغہ پولیس کے ایسے ملاحظہ ہوئے کہ نومبر ۱۹۲۶ء مین قابل روانگی تھے۔ لیکن باستفسار تاخیر سے اب داخل کئے گئے جو بغرض کارروائی حضور دفتر بھیجے گئے۔ دریافت سے معلوم ہوا کہ اس تاخیر مین قصور شرافت حسین جمعدار پولیس کا تھا۔ لہذا اس قصور مین نامبردہ پر مبلغ روپیہ جرمانہ کیا جاتا ہے۔ آئندہ کے لئے ہدایت کردی جاوے کہ احتیاط سے کام کرین۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۴ر جولائی ۱۹۲۶ء

حسب صراحت رپورٹ صیغہ نہر مین دو سب ڈویژن قائم کرنیکی منظوری دیجاتی ہے کاغذات واپس ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بحضور شہزادہ آفاق نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

غریب پرور سلامت

جناب عالی

بتعمیل حکم عالی مرقومہ ۸ر جولائی ۱۹۲۶ء گزارش ہے کہ تا تکمیل سب ڈویژن کا معاملہ ہو اور اگر کوئی زائد مصارف نہ ہونگے نہ کسی جدید تقرر کی ضرورت ہوگی موجودہ عملہ سے کام لیا جاویگا۔ اور یہ انتظام محض اس غرض سے کیا گیا ہے کہ کام مین سہولت رہے اور ہر دو سب ڈویژنل افسر اپنے اپنے سکشن کے کام کے ذمہ دار قرار دیے جائیں اور وہ ذمہ داری کے ساتھ کام کرین۔ موجودہ مین تغیر تبدیل کر کے ان مندرجہ رپورٹ صاحب ایگزیکٹیو انجینیر حسب حصول اجلاس تنخواہ سے ہو سکتا ہے۔ لہذا بذریعہ درخواست ہذا گزارش ہے کہ ہر دو سب ڈویژن کی منظوری اجلاس حضور سے صادر فرمائی جاوے۔ والاداب

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر انہار

چونکہ دو سب ڈویژن قائم کئے جانے کی منظوری اجلاس اعلیٰ سے صادر ہوگئی ہے لہذا حسب سفارش صاحب ایگزیکٹیو انجینیر انہار حسب تفصیل ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔ نقل حکم ہذا بخدمت بخشی صاحب فوج اصل بخدمت ایگزیکٹیو انجینیر انہار اور ایک نقل برائے درج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

۱۔ بابو راج کشور صاحب سب اوورسیر افسر آئندہ سب ڈویژن بلاسپور کے نام سے موسوم ہونگے۔ اور علاقہ بلاسپور و کیمری کے انچارج رہینگے۔

محمد علیم کلرک تنخواہ دار ماہوار جو منشی رشید الدین صاحب کے پاس تعینات ہے اپنی موجودہ تنخواہ پر سب ڈویژن بلاسپور مین تبدیل کیا جاتا ہے۔ آئندہ وہ

بابوراج کشور صاحب سب ڈویژنل افسر کے ماتحت رہیگا۔ وہ سب ڈویژن بلاسپور کا کام انجام دیگا۔

۲- بابو رشید الدین صاحب سوپروائزر جو محکمہ تعمیرات سے بسلسلہ بندات دیگانگ محکمۂ انہار میں تبدیل ہو کر آئے ہیں آیندہ سب ڈویژنل افسر رامپور کے نام سے موسوم ہونگے اور علاقہ انہار کوسی و ناندہ و سوار کے انچارج رہینگے من پھول کشور کلرک تنخواہ (عہ) ماہوار جو دفتر انجنیر صاحب انہار میں ماموری ہے باضافہ پانچ روپیہ سب ڈویژن رامپور میں تبدیل کیا جاتا ہے آیندہ (عہ) پائیگا اور ماتحتی بابو رشید الدین صاحب سب ڈویژن رامپور کا کام انجام دیگا۔ ۲۰ ر جولائی ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر انہار

نوٹ صاحب ایگزیکیٹو انجنیر انہار ریاست رامپور

باجلاس جناب صاحب سکریٹری بہادر انہار التماس ہے کہ محکمۂ انہار میں بزمانہ مسٹر صفدر علی صاحب چار سب ڈویژن تھے انکے بعد کوئی باقاعدہ سب ڈویژن نہیں رہا۔ صرف ایک بابوراج کشور صاحب برائے نام سب ڈویژنل افسر چلے آرہے ہیں باکچھ عرصہ کے لئے ۱۹۲۵ء میں بابو رام داس صاحب مدن کا تقرر عمل میں آیا تھا ورنہ زیادہ تر کام انجنیر انہار براہ راست سب اورسیران سے لیتے رہے لیکن اب چونکہ انجنیر انہار کے سپرد علاوہ کام ہائے انہار کے بندات و گوامشا و آبپاشی کا کام بھی کر دیا گیا ہے نیز اکونٹ آفس و عملہ آبپاشی کے کام کی نگرانی کا ذمہ دار قرار دیا ہے اس لئے تنہا جملہ سب اورسیران کے کام کی نگرانی و جانچ غیر ممکن ہے۔ اور ضرورت ہے کہ صیغہ ہذا میں دوبارہ باقاعدہ سب ڈویژن قایم کئے جائیں۔ اور مناسب انتظام کیا جائے تاکہ سہولت سے کام چلے چنانچہ فی الحال دو سب ڈویژن قایم کرنیکا انتظام کیا جاتا ہے۔

(۱) بابوراج کشور صاحب سب ڈویژنل افسر۔ علاقہ بلاسپور و بہیری کے انچارج رہینگے۔

(۲) بابو رشید الدین صاحب سوپروائزر جو محکمہ تعمیرات سے بسلسلہ بندات آگئے ہیں انہار [illegible] انہار کوسی و ناندہ و سوار کے انچارج رہینگے۔ فی الحال بسبب کمی کام مزید سب ڈویژن کم کئے جاتے ہیں مناسب ہے آیندہ سال میں جب کام جاری ہونگے تب حسب ضرورت مزید انتظام کے متعلق رپورٹ کیجائیگی

تجویز ہذا میں کسی قسم کے جدید مصارف نہیں ہونگے صرف محکمہ آمد کی منظوری

معلوم ہے تاکہ ہر ایک اپنے اپنے کام کا ذمہ دار متصور ہو سکے۔ ان ہر دو سب ڈویژن یعنی بابوراج کشور صاحب و منشی رشید الدین صاحب کے پاس ایک ایک کلرک کی تعیناتی کی ضرورت ہے جسکے متعلق حسب ذیل انتظام کیا گیا ہے۔

الف منشی رشید الدین صاحب کے پاس ایک کلرک محمد حلیم تنخواہ (عہ) ماہوار ماموری ہے۔ لیکن یہ بالکل نیا آدمی ہے اور انہار کے کام سے ناواقف ہے اس لئے محمد حلیم کو موجودہ تنخواہ پر بابوراج کشور صاحب سب ڈویژنل افسر بلاسپور کے پاس تبدیل کر دیا جائے۔ چونکہ بابو صاحب پرانے ملازم ہیں اس لئے محمد حلیم سے کام چلا سکتے ہیں۔ پیشتر بھی بابوراج کشور صاحب کے پاس ایک شخص عبدالخالق خان تنخواہ (عہ) کا ماموری تھا۔

ب بجائے محمد حلیم کلرک منشی رشید الدین صاحب کے پاس ایک کلرک کی ماموری کی ضرورت ہے انکے لئے یہ انتظام کیا گیا ہے کہ من پھول کشور کلرک تنخواہ (عہ) ماہوار جو دفتر انجنیر انہار میں ماموری ہے یہ کلرک پرانا ملازم ہے اور ہوشیار و محنتی ہے اور بابو رشید الدین صاحب کے پاس سب ڈویژن کا کام بخوبی چلا سکتا ہے نیز ترقی کا مستحق ہے۔ لہذا باضافہ پانچ روپیہ بشاہرہ (عہ) ماہوار سب ڈویژن میں تبدیل فرما دیا جائے۔

ج امین الدین محرر تنخواہ (عہ) ماہوار جو منشی محمد امین خان صاحب کے پاس بسلسلہ [illegible] منشی عبدالخالق خان ماموری ہے وہ بدستور رہیگا۔ عبدالخالق خان کی تنخواہ (عہ) سے (عہ) تنخواہ امین الدین محرر (عہ) اضافہ من پھول کشور کلرک (عہ) منہا ہو کر (عہ) ماہوار کی بچت رہتی ہے اسکی بابت بعد میں جب مناسب تصور ہوگا عرض کیا جائیگا۔ چونکہ اب اکونٹ آفس کا کل عملہ میرے چارج میں آگیا ہے اور اکونٹ آفس میں اسوقت ایک اکونٹنٹ اور تین کلرک موجود ہیں اسلئے سردست بجائے من پھول کشور کلرک کسی جدید آدمی کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آیندہ ضرورت محسوس ہوئی تو عرض کیا جائیگا۔ امید ہے کہ تجویز ہذا کی حسب ضرورت منظوری صادر فرمائی جائیگی تاکہ عملدرآمد کرا دیا جائے۔ ۱۶ ر جولائی ۱۹۲۶ء

دستخط ایگزیکیٹو انجنیر انہار

روبکار اجلاس عالی جناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲ ر اگست ۱۹۲۶ء

حسب ارشاد ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم۔ صاحب سکریٹری صنعت و حرفت [illegible] مسٹر [illegible] ۸ ر اگست ۱۹۲۶ء [illegible] آپکے [illegible]

رامپور تک اُنکے متعلق کام کا یہ انتظام کیا جاتا ہے کہ اُنکے صیغہ جات متعلقہ کے جلد کاغذات کی ڈاک روزانہ ڈیرہ دون آئیگی اور وہ اُسکو وہان طے کرینگے۔ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت ایک پیشکار کو اور بشرط ضرورت ایک کلرک کو اپنے ہمراہ لیتے آئین۔ اور اگر اس زمانہ مین کوئی ایسا کام اُنکے صیغہ جات کے متعلق پیش آئے جسکا طے ہونا وہین رامپور مین ضروری اور فوری ہو تو اُسکو صاحب یونیو سکریٹری بہادر طے کرینگے۔ اور اُسکی اطلاع یہان ڈیرہ دون وجلاس ہذا مین بھیجدینگے۔ پولیس کا وہ کام ضروری جسکا طے ہونا وہین رامپور مین لازمی ہو وہ بھی سفر ڈیرہ دون کے زمانہ مین صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت متعلق تھا اس زمانہ مین اب یہ کام بھی صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے متعلق رہیگا۔ بقیہ جلد کاغذات پولیس کے بدستور اجلاس ہذا مین آتے رہینگے اور جب کوئی کام پولیس کا ایسا ضروری پیش آئیگا جسکو صاحب ریونیو سکریٹری بہادر وہین رامپور طے کرینگے۔ تو اُسکی اطلاع یہان ڈیرہ دون اجلاس ہذا مین بھیجدینگے۔ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے ماتحت افسران اپنے اپنے صیغہ جات کے کام کو بھی کامل ذمہ داری پر زمانہ عدم موجودگی صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت مین انجام دین۔

حکم ہوا کہ۔

سررشتہ صدر سے بصیغہ ضروری ایک ایک نقل حکم ہذا مع نقل عرضداشت مشمولہ بغرض اطلاع صاحب چیف سکریٹری بہادر کے پاس۔ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس ارسال ہو اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت اپنے ماتحت افسران کو اطلاع دیدین۔

دستخط عالیجناب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بمنظوری شہزادہ آفاق عالیجناب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

عرضی بحضور پرنور سلامت

جناب عالی

اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم نے ارشاد فرمایا ہے کہ خان بہادر سید جمیل احمد صاحب سکریٹری صنعت و حرفت اپنے ساتھ مسٹر گپتا انجینیر تعمیرات کو ڈیرہ دون مین ۹ ؍ اگست تک آجائین۔ جدید عمارت جو یہان تیار ہوگی اُسکے تخمینہ مرتب کئے جائینگے۔ اور اُسکے متعلق دیگر معاملات بھی گفتگو سے طے ہوجائینگے۔ زیادہ حد ادب۔

احکام اجلاس صاحب یونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ ؍ جولائی ۱۹۲۶ء

معروضہ نوٹ صاحب مہتمم بندوبست دربارہ منظوری رخصت مزید کا رعایتی عزیز الحسن اہلمد سررشتہ بندوبست جو ۱۱ ؍ اگست سنہ حال کو ختم ہوگی۔ بوجہ ضعف بانتظام سابقہ۔

حکم

اس مرتبہ اور حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست ایک ماہ کی رخصت بانتظام سابقہ منظور کیجاتی ہے۔ آیندہ اس طریقہ پر رخصت نہ دیجائیگی۔ احکام حسب ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب یونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۵ ؍ جولائی ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر صاحب مہتمم بندوبست دربارہ منظوری رخصت مزید یکماہ از یکم جولائی ۱۹۲۶ء مرزا عابد حسین گرداور تا نوکوسے تحصیل ملک بکارکردگی بابو رام پٹواری بانتظام موجودہ بوجہ علالت چشم۔ نصف تنخواہ رخصتی کو اور نصف تنخواہ پٹواری ذمہ دار کو دیجائے۔

حکم

حسب رائے صاحب مہتمم بندوبست عابد حسین گرداور کی رخصت مزید یکماہ بانتظام موجودہ منظور ہے۔ نصف تنخواہ اس ایک ماہ کی عابد حسین گرداور نصف تنخواہ پٹواری انچارج کو ملے۔ اور صاحب مہتمم بندوبست سے دریافت ہو کہ پٹواری کے حلقہ کے کام کا کیا انتظام کیا گیا ہے۔ جلد اطلاع دیجائے۔ احکام جاری ہون۔ نقل حکم بخدمت صاحب مہتمم بندوبست مرسل ہو۔

دستخط صاحب یونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ ؍ جولائی ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت بکار منشی احمد رضا خان محرر سرسری تحصیل بلاسپور من ابتدا ۲۹ ؍ مئی لغایت ۲۸ ؍ جون سنہ حال بعوض امیر حسن امیدوار منظور شدہ۔

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ من ابتدا ۲۹ ؍ مئی سنہ حال لغایت ۲۸ ؍ جون سنہ حال رخصت احمد رضا خان محرر سرسری بعوض امیر حسن منظور ہے۔ اس ایک ماہ مین بارہ روپیہ عوض کو اور بقیہ رقم احمد رضا خان کو ملے۔ احکام جاری ہون۔ روبکار علاحدہ جاری ہو۔

دستخط صاحب یونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۳۱ رجولائی ۱۹۲۷ء

حسبہٗ رپورٹ قائمقام ہیڈ کلرک دفتر انگریزی دربارہ اظہار بیماری رخصت مزید پندرہ یوم منشی ناصر علیخان اہلمد صدر مال مورہ دفتر انگریزی

حکم

۲۷ رجولائی ۱۹۲۷ء سے ایک ہفتہ کی رخصت رعایتی اور ایک ہفتہ کی بوضع تنخواہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

جرمانہ

۲۰ رجولائی ۱۹۲۷ء

مدرس اول مدرسہ سوار سے اقد حسین کا جواب انسپکٹر صاحب مدارس کے استفسار پر دابِ تحتی کے خلاف ہے۔ لہٰذا نامبردہ پر دو آنہ جرمانہ کیا گیا

لہٰذا حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادل

۱۱ رجولائی ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بشیر احمد مدرس ڈھکیا کا تبادلہ مدرسہ بڑاگاؤن تحصیل شاہ آباد کو کیا گیا۔ اور خیالی رام مدرس بھینسوڑی تحصیل ٹانڈہ تنخواہ دار ۸ ماہوار مدرسہ ڈھکیا تحصیل شاہ آباد کو تبدیل کیا گیا۔ اور رضی مدرس اول ملک بھینسوڑی کے مدرسہ میں تبدیل کیا گیا۔ اور محمد احمد خان مدرس اول ٹانڈہ تنخواہ دار ۸ ماہوار مدرسہ ملک میں مدرس اول کی جگہ تبدیل کیا گیا اور محمد ولی خان ٹریننگ پاس بشرح تنخواہ اور للعہ ماہوار الاؤنس پر مدرسہ ٹانڈہ مین مدرس اول کی جگہ امتحاناً برائے چھ ماہ مقرر کیا گیا۔ لہٰذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۲۲ رجولائی ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس وارث علیخان مدرس مدرسہ کوٹھی پور پرگنہ حضور تحصیل مستقل کیا گیا۔ لہٰذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ رجولائی ۱۹۲۷ء

حسب سفارش ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول۔ سید مشرف علی ڈرل ماسٹر کی رخصت دو ماہ ۳۰ رجولائی ۱۹۲۷ء سے بوجہ علالت بعوض احمد حسین منظور کی گئی۔

لہٰذا حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۳۱ رجولائی ۱۹۲۷ء

حسب سفارش انسپکٹر صاحب مدارس محمد یعقوب خان معاون اہلمد سررشتہ تعلیم مدارس کی موجودہ تنخواہ ۸ ماہوار میں یکم اگست ۱۹۲۷ء سے چار روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ لہٰذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۴ راگست ۱۹۲۷ء

مطبع مین اسوقت ایک پروف ریڈر۔ ایک محرر۔ ایک معاون محرر مین اہلکار مین پروف ریڈر کے پاس بجز تصحیح پروف انگریزی۔ یا ماہواری نقشہ جات مرتب کرنے کے اور کام نہ تھا۔ اب ان تینون اہلکارون مین کام کی تقسیم حسب ذیل کیجاتی ہے۔

(۱) محرر مطبع۔ آرڈر وصول کرنا۔ رجسٹر نمبر (۱) و نمبر (۲) کی تکمیل کرنا کاغذ ج

مازدور کے متعلق آئے انکو رسید دیکر وصول کرنا۔ فارم طبع کرنیکی
کاغذ پریسمینون کو دلوانا۔ بعد طبع فارم مطبوعہ صاحب فرمائش کو
واپس دینا۔ بل مرتب کرنا۔ جو رقم مطبع کو وصول ہو انکی رسید دینا
اور خزانہ مین داخل کرنا۔ بجٹ کے حسابات مرتب کرنا۔ نقشہ مزدوات
وحسابات ماہواری مرتب کرکے بھیجنا۔ رقم مزدوات کا حساب مرتب کرنا
جمع خرچ بنانا اور روانہ کرنا۔ صیغہ جات کے کاغذات لینا اور بھیجنا۔
نقشہ جات کارگزاری ماہواری مرتب کرنا۔

(۲) معاون محرر۔ کاغذ فرمائشات کا بنگرانی محرر شمار کرکے لینا اور اسکو
گودام پر رکھنا۔ اور اسپر صاحب فرمائش کے نام کی چٹ لگانا۔ بنگرانی
محرر فرمائشونکا کاغذ طبع کے لئے پریسمینون کو دینا۔ مطبوعہ فرمائشات
روزانہ پریسمینون سے لیکر گودام پر رکھنا حسب ہدایت و نگرانی محرر
مطبوعہ فارم صاحب فرمائش کو واپس دینا۔ کل اشیا جو
گودام مین آئین انکو حسب قواعد مقررہ بعد حکم مہتمم صاحب
بنگرانی محرر دینا۔

(۳) پروف ریڈر و نگران کار۔ کاپی لکھنے کے لئے فرمائشات کاپی نویسونکو
روزانہ دینا۔ لکھی ہوئی کاپیان کاپی نویسون سے واپس لیکر ترتیب وار کرنا
پریسمینونکو روزانہ کام تقسیم کرنا۔ کاپی نویسون پریسمینون کی روزانہ کارگزاری
لکھنا۔ رجسٹر نمبر ۳ مرتب رکھنا۔ انگریزی کے پروف کی تصحیح کرنا۔
بیرونجات کی خط و کتابت کرنا۔ کاتبون کے کاغذ میعاد رکھنیکا پریس کی
مرمت کا۔ مزدورونکا انتظام کرنا۔ برآورد بنانا۔ تنخواہ تقسیم کرنا۔ مطبع کے
کل کام کی نگرانی رکھنا۔ اور جس کام کی خرابی مستلزم ہو اسکی اطلاع مہتمم
صاحب کو کرنا۔ اور اگر مہتمم صاحب فوراً اصلاح نہ کرین تو جناب مین
رپورٹ کرنا۔

ان پر سہ ملازمان مین سے جب کوئی رخصت پر یا غیر حاضر ہو تو باقی
اہلکار اسکا کام بھی انجام دینگے۔ بالفعل دو کی حسابات مطبع کی
جانچ ہو رہی ہے۔ سید عبد الہادی محرر کا عارضی طور پر جانچ مین دینگے۔
اور سلطان محمد خان غیر مستقل ملازم محرر مطبع کا کام انجام دیگا۔ اور سید
عبد الہادی انکو بھی مدد دینگے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۷ ؍ اگست ۱۹۲۶ء

مطبع مین محمد صدیق فراش کے نام سے سات روپیہ ماہوار کا ملازم ہے۔ وہ
صفائی کا کام نہین کرتا بلکہ متفرق کام مطبع کے انجام دیتا ہے۔ چونکہ محرر
مطبع کے پاس کام زیادہ ہے۔ لہذا انکو معاون محرر کی ضرورت ہے۔ اس لئے
بعد منظوری اجلاس جناب مین حسب ذیل انتظام تجویز کیا جاتا ہے۔

(۱) فراش کا عہدہ شکست کیا جاتا ہے اور بجائے فراش کے باضافہ تین روپیہ
ماہوار تنخواہ پر ایک معاون محرر مقرر کیا جاتا ہے۔

(۲) محمد الدین دفتری سررشتہ قانونی تنخواہ دار سات روپیہ آٹھ آنہ ماہوار باضافہ دو روپیہ
آٹھ آنہ ماہوار مطبع مین معاون محرری پر تبدیل کیا جائے۔ دولت خان بستہ بردار
محافظ خانہ دیوانی تنخواہ دار ہے ماہوار باضافہ ایک روپیہ ماہوار بجائے محمد الدین
دفتری کے دفتر سررشتہ قانونی مین تبدیل کیا جائے۔ محمد صدیق فراش مطبع تنخواہ دار
سات روپیہ ماہوار بتنزل آٹھ آنہ ماہوار بجائے دولت خان بستہ بردار کے
محافظ خانہ دیوانی مین تبدیل کیا جائے۔

(۳) مطبع کی جاروب کشی و صفائی کے لئے سے گراناکر جاروب ملازم سکریٹریٹ کا
ایک روپیہ ماہوار الاؤنس مقرر کیا جائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور ایک نقل گزٹ مین
شائع کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ بارش ہفتہ وار سن ابتداء ۲۷ جولائی لغایتہ ۲ اگست ۱۹۲۷ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۷ جولائی ۱۹۲۷ء یوم چہار شنبہ	۰	۱۷۰	۰	۱۷۳	۰	۲۰۸	۲	۲۰۱	۲	۲۱۶	۲	۱۷۲
۲۸ جولائی ۱۹۲۷ء یوم پنجشنبہ	۰	۱۷۰	۰	۱۷۳	۰	۲۰۸	۰	۲۰۱	۰	۲۱۶	۰	۱۷۲
۲۹ ״ ״ یوم جمعہ	۰	۱۷۰	۰	۱۷۳	۰	۲۰۸	۵	۲۰۶	۰	۲۱۶	۰	۱۷۲
۳۰ ״ ״ یوم شنبہ	۳½	۱۷۳½	۵	۱۷۸	۰	۲۰۸	۴	۲۰۱	۸	۲۲۴	۱۵	۱۸۷
۳۱ ״ ״ یکشنبہ	۱۴	۱۸۷½	۶	۱۸۴	۶	۲۱۴	نقشہ نہیں آیا	۰	۴	۲۲۸	۱۷	۲۰۴
یکم اگست ۱۹۲۷ء یوم دوشنبہ	۰	۱۸۷½	۵	۱۸۹	۰	۲۱۴	״	۰	۰	۲۲۸	۱	۲۰۵
۲ ״ ״ سہ شنبہ	۵	۱۹۲½	۶	۱۹۵	۱۵	۲۲۹	״	۰	۴	۲۳۲	۸	۲۱۳

نقشہ اجناس ریاست رامپور ابتداء یکم لغایت ۷ اگست ۱۹۲۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ ار ۷ ار ۷ ار	۷ ۱۰ ار	۸ ار	نقشہ نہیں آیا	۷ ار	۷ ۱۰ ار	
نخود کسہ آمیز	۷ ار ۸ ۱۰ ار	۹ ار	۹ ار	״	۹ ار	۹ ار	
گیہوں	۹ ار	۰	۹ ۱۰ ار	״	۹ ۱۰ ار	۹ ۱۰ ار	
ماش	۵ ۱۰ ار ۵ ار	۶ ار	۶ ار	״	۵ ۱۰ ار	۵ ۱۰ ار	
مونگ	۴ ۱۰ ار	۰	۰	״	۰	۵ ار	
مکا	۹ ار	۰	۱۰ ار	״	۱۱ ار	۹ ار	
جئی	۱۲ ار	۰	۱۳ ار	״	۱۱ ار	۱۱ ار	
کودھی	۹ ۱۰ ار	۰	۱۰ ار	״	۱۱ ار	۹ ۱۰ ار	
عدس	۷ ار	۰	۷ ۱۰ ار	״	۶ ۱۰ ار	۶ ار	
ارہر	۶ ار	۰	۶ ار	״	۶ ار	۶ ار	
برنج	۴ ار ۵ ار	۵ ۱۰ ار ۴ ۱۰ ار	۵ ار	״	۵ ۱۰ ار	۵ ار	
روغن زرد	۲ چھٹانک	۱۰ ار	۸ چھٹانک	״	۱۰ ار	۱۰ ار	
روغن سیاہ	۱ ار ار	۱ ار	۱ ار ار	״	۱ ۱۰ ار	۱ ۱۰ ار	
روغن کنجد	۱ ار ار	۱ ار	۱ ار	״	۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۳ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	״	۱۲ ار	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۸ ار	۶ ار	״	۰	۸ ار	
قند سیاہ	۷ چھٹانک ۸ ار	۶ ار ۷ ار	۷ ار	״	۷ ار	۸ ار	
باجرہ	۶ ار	۰	۰	״	۰	۹ ار	
نخود خالص	۷ ار ۸ ار	۷ ار	۹ ار	״	۸ ار	۸ ار	

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور سہ ماہی سوئم اپریل لغایۃ جون ۱۹۲۷ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہندو	عورت: مسلمان	عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	۱۲ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	درندہ و جانور کے کاٹنے سے	طاعون	از خانہ نمبر ۱۵ لغایۃ خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۶۳	۱۲	۴۸	۱۳	۱۳۶	۱۱۱	۲۵	۸۳	۵۳	۵	۵	۳۸	۴۹	۱۲۶	۱۰۷	۱۸۲	۵۱	۳	۶۰	۰	۱۴۰	۰	۰	۰	۲۲۳	
گنج	۴۴	۱۰	۳۰	۹	۹۳	۷۴	۱۹	۵۰	۳۸	۷	۵	۳۵	۳۹	۹۲	۸۲	۱۵۳	۲۱	۰	۴۰	۰	۱۳۳	۱	۰	۰	۱۷۴	
حوالیہ شہر	۳۸	۴۳	۳۳	۲۵	۱۳۹	۷۱	۶۸	۱۴	۱۵	۳	۱	۲۹	۲۳	۴۶	۳۹	۴۲	۴۳	۰	۱۴	۷۰	۱	۰	۰	۰	۸۵	
عظیم نگر	۶۸	۴۸	۵۶	۳۸	۲۱۰	۱۲۴	۸۶	۴۱	۳۷	۲	۱	۷۰	۴۲	۱۰۳	۸۰	۸۷	۹۶	۰	۱۷	۱۶۵	۱	۰	۰	۰	۱۸۳	
شاہ آباد	۶۲	۱۴۱	۲۲	۹۴	۳۱۹	۸۴	۲۳۵	۱۰۷	۸۲	۲۹	۱۷	۶۰	۴۸	۱۹۶	۱۳۷	۸۸	۲۵۵	۱	۷۵	۵	۲۶۲	۰	۰	۰	۳۴۳	
پنوائی	۲۸	۱۱۰	۲۶	۹۳	۲۵۷	۵۴	۲۰۳	۳۵	۳۵	۶	۳	۴۵	۵۲	۱۰۰	۹۰	۳۷	۱۵۳	۰	۱۰	۰	۱۸۰	۰	۰	۰	۱۹۰	
ملک	۳۲	۱۴۳	۲۲	۱۴۷	۳۴۴	۵۴	۲۹۰	۱۱۷	۷۲	۹	۵	۸۰	۸۷	۲۰۶	۱۶۴	۵۳	۳۱۷	۰	۶۹	۰	۳۰۰	۱	۰	۰	۳۷۰	
بلاسپور	۸۵	۸۱	۸۵	۵۸	۳۰۹	۱۷۰	۱۳۹	۵۴	۲۹	۱۴	۴	۹۸	۵۴	۱۶۶	۸۷	۱۳۴	۱۱۹	۰	۶۹	۰	۱۸۱	۲	۰	۰	۲۵۳	
کیمری	۲۶	۴۷	۲۵	۴۰	۱۳۸	۵۱	۸۷	۲۵	۸	۱	۲	۲۴	۲۲	۵۰	۳۲	۲۸	۵۴	۰	۱۳	۶۳	۲	۰	۰	۰	۸۲	
سوار	۷۲	۶۰	۵۸	۵۲	۲۴۲	۱۳۰	۱۱۲	۳۵	۲۱	۳	۶	۶۶	۵۶	۱۰۴	۸۳	۱۱۱	۷۶	۰	۳	۰	۱۸۳	۱	۰	۰	۱۸۷	
ٹانڈہ	۷۲	۵۶	۴۲	۳۸	۲۰۸	۱۱۴	۹۴	۴۹	۴۵	۸	۵	۴۰	۳۵	۹۷	۸۵	۱۱۸	۶۴	۰	۱۱	۰	۱۶۸	۳	۰	۰	۱۸۲	
میزان	۶۰۰	۸۰۱	۴۴۳	۶۰۷	۲۴۵۱	۱۰۳۶	۱۴۰۸	۶۳۰	۴۳۵	۷۴	۵۴	۵۶۹	۵۰۶	۱۲۸۹	۹۹۷	۱۰۳۴	۱۳۳۹	۴	۴۱۸	۳۰۸	۱۳۲۹	۸	۰	۰	۲۴۰۱	